# کیلکارپ لمیٹڈ

CALCORP

## غیر معمولی اجلاس عام کا نوٹس

**بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ''کیلکارپ لمیٹڈ'' ("کمپنی") کا غیر معمولی عام اجلاس (ای جی ایم) بروز منگل مورخہ 30 ستمبر 2025 بوقت صبح 11:00 بجے پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کراچی کے آڈیٹوریم میں اور بذریعہ ویڈیو لنک سہولت منعقد ہوگا تاکہ درج ذیل کاروبار نمٹایا جا سکے:**

## خصوصی کاروبار

1. غور و خوض کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو منسلکہ "اہم حقائق کے بیان" میں دیے گئے مطابق، ایسوسی ایٹڈ کمپنی ہیلیوس ریزول ٹیکنالوجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں سرمایہ کاری کی منظوری کے لیے، بغیر ترمیم یا ترمیم کے ساتھ، مندرجہ ذیل قراردادیں بطور خصوصی قراردادیں منظور کرنا:

"یہ قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنی کے ارکان کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 199 اور 208 اور دیگر قابل اطلاق قوانین کی شرائط کے تحت دی جاتی ہے اور کمپنی کو مجاز کیا جاتا ہے کہ وہ ہیلیوس ریزول ٹیکنالوجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے 50,000 حصص کل مالیت روپے ایک لاکھ (صرف ایک لاکھ روپے) میں حاصل کرے۔"

"مزید یہ قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا چیف فنانشل آفیسر اور/یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر تمام ایسے اقدامات کرنے، اعمال بجالانے، معاہدے پر دستخط اور تکمیل کرنے اور تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے جو مذکورہ قرارداد پر عمل درآمد کے لیے ضروری یا متعلقہ ہوں۔"

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت درکار بیان اس ای جی ایم کے نوٹس کے ساتھ حصص یافتگان کو ارسال کیا گیا ہے۔

حسب الحکم بورڈ

الیاس احمد

کمپنی سیکریٹری

تاریخ: 9 ستمبر 2025

مقام: کراچی

## نوٹس

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 23 ستمبر 2025 سے 29 ستمبر 2025 تک (دونوں دن بشمول) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو مورخہ 22 ستمبر 2025 کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹرار ایف۔ڈی۔ رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کمرہ نمبر 1705، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور (اے) آئی۔آئی۔ چندریگر روڈ، کراچی میں موصول ہوں گی، انہیں وقت پر موصول سمجھا جائے گا تاکہ حصص یافتگان کی ای جی ایم میں شرکت ووٹ ڈالنے کے حق کا تعین کیا جا سکے۔
2. ہر وہ رکن جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کا اہل ہے، اپنے حق میں کسی دوسرے رکن کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے، جسے اجلاس میں شرکت، تقریر اور ووٹ ڈالنے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو اصل رکن کو دستیاب ہیں۔
3. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے 26 جنوری 2000 کو جاری کردہ سرکلر نمبر I- Reference No. 3(5-A) Misc/ARO/LES/96 میں دی گئی ہدایات کے مطابق عمل درآمد کے لیے طریقہ کار درج ذیل ہے:
   - i. اراکین، پراکسی یا نامزدگان اپنی شناخت کی تصدیق اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اور اپنے فولیو نمبرز کے ساتھ اجلاس میں شرکت کے وقت کرائیں گے۔
   - ii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور نامزد شخص کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہوں) اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوں گی۔
   - iii. پراکسی فارم مؤثر ہونے کے لیے اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرایا جائے، جو باقاعدہ دستخط شدہ، اسٹامپ شدہ اور دو گواہوں کے تصدیق شدہ دستخطوں کے ساتھ ان کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبروں کے ساتھ ہونا چاہیے۔
   - iv. انفرادی اراکین کی صورت میں کارآمد مالکان اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہوں گی۔
   - v. کارپوریٹ ادارے کے ذریعہ پراکسی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانی ہوں گی۔
4. غیر معمولی عام اجلاس میں آن لائن شرکت

اراکین کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے لیے کمپنی اس ای جی ایم کو ویڈیو لنک کے ذریعہ بھی منعقد کر رہی ہے۔ لہٰذا وہ اراکین اور شرکاء جو ای جی ایم میں آن لائن شرکت کے خواہاں ہیں، اپنی رجسٹریشن کے لیے ای میل کے ذریعے اپنی تفصیلات اور قومی شناختی کارڈ (سامنے اور پچھلے رخ کی واضح کاپی) info@fdregistrar.com پر سبجیکٹ Registration for Calcorp EGM 2025 کے ساتھ اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ارسال کریں۔

| حصص یافتہ کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ای جی ایم میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک صرف انہی اراکین کو بھیجا جائے گا جن کی ای میلز تمام مطلوبہ اور درست تفصیلات کے ساتھ مقررہ وقت تک info@fdregistrar.com پر موصول ہوں گی۔ حصص یافتگان اپنے ایجنڈا آئٹمز کے حوالے سے تبصرے اور سوالات بھی اسی ای میل پتے پر ارسال کر سکتے ہیں۔

5. ووٹ کاسٹنگ بذاتِ خود یا بذریعہ پراکسی

5.1 ایکسٹرا آرڈنری جنرل میٹنگ (ای جی ایم) کے موقع پر اجلاس کے مقام پر ووٹنگ کے لیے ایک پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا۔

**5.2 پراکسی کے تقرر کی شرائط:**

ای جی ایم میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کا حق رکھنے والا ہر رکن یہ اختیار رکھتا ہے کہ وہ کسی دوسرے شخص کو اپنی جگہ پراکسی کے طور پر مقرر کرے تاکہ وہ اس کی نمائندگی میں اجلاس میں شریک ہو، اظہارِ خیال کرے اور ووٹ دے۔ اس طرح مقرر کیا گیا پراکسی اجلاس میں شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹنگ کے وہی تمام حقوق رکھے گا جو کسی رکن کو حاصل ہیں۔ پراکسی فارم کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ یہ اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو موصول ہو جائے۔ پراکسی ہولڈر کا کمپنی کا رکن ہونا لازمی ہے۔

الف) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے ضوابط کے تحت اپ لوڈ کی گئی ہیں، اوپر بیان کردہ شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

ب) پراکسی فارم پر دو گواہان کے دستخط ہونے چاہئیں اور ان کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبرز درج ہوں۔

ج) بینیفیشل اونر/ مالکان اور پراکسی دونوں کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائی جائیں۔

د) پراکسی کو ای جی ایم کے وقت اپنا درست اور اصلی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ہ) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شخص کے نمونہ دستخط کے، پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرائی جائے گی، الا یہ کہ پہلے ہی مہیا کر دی گئی ہو۔

6. ای ووٹنگ/ پوسٹل بیلٹ

اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 144-143 اور ایس آر او 2192(1)/2022 مورخہ 5 دسمبر 2022 کے تحت اراکین کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ مذکورہ شرائط و ضوابط کے مطابق خصوصی کاروبار (Special Business) پر ووٹ کاسٹ کر سکیں۔ اراکین کے لیے درج ذیل آپشن فراہم کیے جا رہے ہیں:

**(i) ای ووٹنگ کا طریقہ کار**

(الف) ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات بذریعہ ای میل ان اراکین کو بھیجی جائیں گی جن کے درست شناختی کارڈ نمبر (CNICs)، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس 22 ستمبر 2025 کے کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں درج ہوں گے۔

(ب) ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات اور پاس ورڈ بذریعہ ای میل بھیجے جائیں گے۔ سیکیورٹی کوڈز بذریعہ ایس ایم ایس اور ای میل ای ووٹنگ سروس پرووائیڈر کے ویب پورٹل سے اراکین کو مہیا کیے جائیں گے۔

(ج) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہشمند اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

(د) ای ووٹنگ لائنز 26 ستمبر 2025 صبح 9:00 بجے سے کھلیں گی اور 29 ستمبر 2025 شام 5:00 بجے بند ہو جائیں گی۔ اراکین اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ کسی قرارداد پر ایک بار ووٹ کاسٹ ہو جانے کے بعد رکن کو بعد میں اس میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

**(ii) پوسٹل بیلٹ**

(الف) اراکین بطور متبادل پوسٹل بیلٹ کے ذریعے بھی ووٹنگ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.calcorp.com.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے یا اس نوٹس کے ساتھ منسلک اور اخبارات میں شائع شدہ بیلٹ پیپر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(ب) اراکین اس بات کو یقینی بنائیں کہ درست طور پر پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمعہ شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل بذریعہ ڈاک رجسٹرڈ ایڈریس C-48، اسٹریٹ 11، خیابانِ جامی، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی (برائے توجہ: کمپنی سیکریٹری) پر چیئرمین میٹنگ کو موصول ہو، یا پھر شیئر ہولڈر کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس سے chairman.generalmeeting@calcorp.com.pk پر ای میل کیا جائے، جس کا سبجیکٹ ہو: ''Postal Ballot for EGM 2025''۔ یہ دستاویز 29 ستمبر 2025 شام 5:00 بجے تک لازماً موصول ہونی چاہیے۔ بیلٹ پیپر پر موجود دستخط شناختی کارڈ پر درج دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں۔ مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والے پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قابلِ غور نہیں ہوں گے۔

(ج) نوٹ فرما لیا جائے کہ ووٹنگ کے معاملے میں کسی تنازعہ بشمول ایک سے زیادہ ووٹ ڈالنے کی صورت میں چیئرمین کو فیصلہ کن اتھارٹی تصور کیا جائے گا۔

نوٹ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 11 کے تحت کمپنی کے بورڈ نے یو ایچ وائی حسن نعیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (QCR ریٹیڈ آڈٹ فرم) کو اس میٹنگ میں خصوصی کاروبار (ایجنڈا نمبر 1: ایسوسی ایٹس کمپنی میں سرمایہ کاری کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 199 اور 208 کے تحت) کے لیے اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے اور انہیں ریگولیشن 11A کے تحت متعین کردہ دیگر ذمہ داریاں ادا کرنے کا بھی اختیار دیا ہے۔

**7.** غیر وصول شدہ منافع **(Unclaimed Dividends)**

ایسے حصص یافتگان جنہوں نے کسی بھی وجہ سے اپنا سابقہ اعلان کردہ منافع (Dividend) وصول نہیں کیا، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر وصول شدہ منافع کے حصول/تفصیل جاننے کیلئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے فوری رابطہ کریں۔

**8.** حصص یافتگان کو تحائف دینے پر پابندی

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("ایس ای سی پی") نے اپنے سرکلر نمبر 2 آف 2018، مورخہ 9 فروری 2018 کے ذریعے سختی سے پابندی عائد کی ہے کہ کمپنیاں عام اجلاسوں (General Meetings) کے موقع پر یا ان سے متعلقہ کسی بھی صورت میں حصص یافتگان کو تحائف یا ان کی جگہ کوئی ترغیب (Tokens/Coupons/Lunches/TakeawayPackages وغیرہ) فراہم نہ کریں۔ کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 185 کے تحت اس ہدایت کی خلاف ورزی کو جرم تصور کیا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والی کمپنی کو جرمانے اور دیگر قانونی نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

**9.** حصص یافتگان کی جانب سے معلومات کی فراہمی

متعدد قانونی تقاضوں کی تکمیل، مستقبل میں کسی بھی قسم کی غیر تعمیل یا مشکلات سے بچاؤ کے لیے تمام حصص یافتگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ریکارڈز کو اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹ/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز/ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ساتھ درج ذیل امور کے حوالے سے ہم آہنگ اور اپ ڈیٹ کریں:

- اپنے درست/اپ ڈیٹ شدہ کمپیوٹرائزڈ نیشنل آئیڈینٹیٹی کارڈ (CNIC)، این ٹی این سرٹیفکیٹ، زکوٰۃ ڈیکلریشن (استثنیٰ فارم) اور ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفکیٹ کی نقول جمع کرانا۔
- اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس (Scrip-less) فارمز میں تبدیل کرنا، جو حصص یافتگان کو کئی سہولتیں فراہم کرے گا، بشمول شیئرز کی محفوظ تحویل، تیز اور مؤثر ٹریڈنگ اور دیگر کارپوریٹ ایکشنز میں سہولت۔
- کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 119 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے ریگولیشن 47 کے مطابق لازمی رجسٹریشن تفصیلات فراہم کرنا، جن میں موبائل نمبر، لینڈ لائن نمبر اور ای میل ایڈریس (اگر دستیاب ہو) شامل ہیں۔
- اپنے ڈاک کے پتے، ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں کمپنی شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر اطلاع دینا۔

ووٹنگ بذریعہ ڈاک کے لیے بیلٹ پیپر

# کیلکارپ لمیٹڈ

## پوسٹل بیلٹ پیپر

غیر معمولی اجلاس عام آف کیلکارپ لمیٹڈ جو کہ 30 ستمبر 2025 کو صبح 11:00 بجے پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے آڈیٹوریم، کراچی میں منعقد ہوگی۔

چیئرمین کے مخصوص ای میل ایڈریس پر پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جا سکتا ہے: chairman.generalmeeting@calcorp.com.pk

| | |
|---|---|
| نام برائے حصص دار/ مشترکہ حصص دار: | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| فولیو نمبر/ سی ڈی سی پارٹیسپینٹ/ انویسٹر آئی ڈی بمعہ سب اکاؤنٹ نمبر: | |
| حصص کی تعداد | |
| CNIC، NICOP/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے): | |
| اضافی معلومات اور انکلوژرز (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن، اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| مجاز دستخط کنندہ کا شناختی کارڈ/ نائیکوپ/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے): | |

میں/ہم بذریعہ ڈاک بیلٹ کے ذریعے درج ذیل قراردادوں کے حق یا مخالفت میں اپنا ووٹ استعمال کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب خانے میں (✔) کا نشان لگا کر اپنی تائید یا مخالفت کا اظہار کرتے ہیں۔

**خصوصی قراردادیں**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 1**

مندرجہ ذیل قراردادیں خصوصی قراردادوں کے طور پر منظور کیے جانے کی تجویز ہیں:

"یہ طے پایا کہ کیلکارپ لمیٹڈ (''کمپنی'') کے اراکین کی منظوری کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات 199 اور 208 اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت دی جاتی ہے اور کمپنی کو مجاز کیا جاتا ہے کہ وہ ہیلیوس ریزول ٹیکنالوجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے 50,000 حصص کل مالیت روپے 100,000 (صرف ایک لاکھ روپے) میں حاصل کرے۔"

"مزید یہ طے پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر بااختیار کیا جاتا ہے کہ وہ اس سلسلے میں تمام اقدامات، امور، اعمال اور کارروائیاں کریں، کسی بھی معاہدہ پر دستخط اور عمل درآمد کریں اور تمام قانونی تقاضے پورے کریں جو مذکورہ قرارداد کے نفاذ کے لئے ضروری یا موزوں ہوں۔"

| نمبر شمار | قرارداد کی نوعیت اور تفصیل | حصص کی تعداد جن کے لئے ووٹ ڈالے گئے | میں/ہم قرارداد کے حق میں (تائید) | میں/ہم قرارداد کے خلاف (مخالفت) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | خصوصی قرارداد بطور ایجنڈا نمبر 1 جیسا کہ اوپر اور نوٹس میں درج ہے۔ | | | |

______________

دستخط حصص دار(گان)

**نوٹس:**

۱۔ پُر شدہ بیلٹ پیپر چیئرمین میٹنگ کے نام پر کیلکارپ لمیٹڈ کے رجسٹرڈ پتہ: C-48، اسٹریٹ 11، خیابانِ جامی، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی پر یا بذریعہ ای میل chairman.generalmeeting@calcorp.com.pk بھیجا جائے۔

۲۔ شناختی کارڈ (CNIC)، نائیکوپ (NICOP)/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی کاپی بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔

۳۔ بیلٹ فارم 29 ستمبر 2025 شام 5:00 بجے تک چیئرمین کو موصول ہو جانا چاہئے۔ اس کے بعد موصول ہونے والے بیلٹ فارم قابلِ قبول نہیں ہوں گے۔

۴۔ بیلٹ پیپر پر دستخط شناختی کارڈ/ نائیکوپ/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر موجود دستخط سے مطابقت رکھنے چاہئیں۔

۵۔ نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، کٹے پھٹے، بگڑے ہوئے یا اوور رائٹنگ شدہ بیلٹ پیپر مسترد کر دیے جائیں گے۔

# کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت اہم حقائق کا بیان

یہ بیان ان اہم حقائق کو واضح کرتا ہے جو کمپنی کی غیر معمولی اجلاس عام (Extraordinary General Meeting) میں زیر غور آنے والے خصوصی کاروبار سے متعلق ہیں۔

ہیلیوس ریزول ٹیکنالوجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ہیلیوس) کیلکارپ لمیٹڈ کی ایک وابستہ کمپنی (Associated Company) ہے۔

ڈائریکٹرز کے بورڈ نے حصص یافتگان کو سفارش کی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 199 اور دفعہ 208 کے تحت متعلقہ پارٹی لین دین سے متعلق سرمایہ کاری کی منظوری دیں۔

ڈائریکٹرز کے مفاد کو اس بیان کے دیگر حصوں میں ظاہر کیا گیا ہے۔ غیر دلچسپی رکھنے والے ڈائریکٹر نے تصدیق کی ہے کہ انہوں نے مجوزہ سرمایہ کاری کے حوالے سے ضروری جانچ پڑتال (Due Diligence) مکمل کرلی ہے اور جانچ پڑتال کی رپورٹ پر دستخط شدہ سفارش حصص یافتگان کے معائنے کے لیے عام اجلاس میں ہیلیوس کے تازہ ترین مالیاتی گوشواروں کے ساتھ دستیاب ہوگی۔

## ریگولیشن نمبر 3(1)a

| | |
|---|---|
| وابستہ کمپنی یا وابستہ ادارے کا نام | ہیلیوس ریزول ٹیکنالوجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ہیلیوس) |
| تعلق کی بنیاد | مشترکہ ڈائریکٹرشپ کے باعث وابستہ کمپنی |
| فی حصص آمدنی / (نقصان) گزشتہ تین سالوں کے لیے | فی حصص نقصان سال 2025: 30.56 روپے فی حصص روپے<br>سال 2023 اور 2024: قابل اطلاق نہیں کیونکہ کمپنی 25-2024 میں شامل کی گئی۔ |
| فی حصص بریک اپ ویلیو، آخری آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی بنیاد پر | 30 جون 2025 تک فی حصص بریک اپ ویلیو 20.56 روپے (منفی) رہی |
| مالی حالت، جس میں مالیاتی پوزیشن کے اہم اجزاء اور منافع ونقصان کے کھاتے کی تفصیلات، تازہ ترین مالیاتی گوشواروں کی بنیاد پر | کل اثاثہ جات: 39,298,080 روپے<br>ایسوسی ایٹس کے ذمے واجب الادا: 39,800,000<br>ایکویٹی: (1,027,753)<br>سال کا نقصان: (1,527,753) روپے<br>ہیلیوس کے مورخہ 30 جون 2025 کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ساتھ منسلک ہیں۔ |
| ایسی صورت میں کہ وابستہ کمپنی یا وابستہ ادارے کے کسی منصوبے میں سرمایہ کاری کی جارہی ہو یا اس کے آپریشنز تاحال شروع نہ ہوئے ہوں، تو مندرجہ ذیل اضافی معلومات درکار ہوں گی: | یہ معاملہ کسی مخصوص منصوبے میں سرمایہ کاری سے متعلق نہیں کیونکہ ہیلیوس کے تمام حصص کے حصول کی تجویز دی گئی ہے۔ تاہم وضاحتاً یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ہیلیوس اپنے آپریشنز کا آغاز فوٹو وولٹائیک ماڈیولز، بیٹری سسٹمز، اور انورٹرز/معاون پرزہ جات کی پیداوار اور اسمبلنگ سے کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، جیسا کہ ذیل میں تفصیل دی گئی ہے۔ |
| I- منصوبے کی وضاحت اور اس کی تاریخ، آغاز تصور سے اب تک | منصوبہ جاتی کاروباری آپریشنز کی تاریخ اور موجودہ حیثیت:<br>**مقام:** بن قاسم انڈسٹریل پارک–اسپیشل اکنامک زون (BQIP-SEZ)، کراچی (پورٹ قاسم کے قریب)۔<br>**الاٹمنٹ:** دو ایکڑ زمین فروری 2025 میں SEZA کے تقاضے پورے کرنے کے بعد الاٹ ہوئی۔<br>**SEZA ادائیگیاں:** 35 ملین روپے بطور پہلی قسط ادا کیے گئے (ڈائریکٹرز کے بغیر سود قرض کے ذریعے)۔<br>**سرمایہ جاتی کام جاری (CWIP):** 1.7 ملین روپے جیسا کہ 30 جون 2025 (تک استعمال ہوئے، جبکہ جون کے بعد مزید کام بھی مکمل کیا گیا۔) |
| II- کام کے آغاز کی تاریخ اور متوقع تکمیل کی تاریخ | مارچ 2025، مارچ 2026 |
| III- وہ مدت جس کے اندر منصوبہ تجارتی طور پر فعال ہو جائے گا | جولائی 2026 |
| IV- وہ متوقع وقت جب منصوبہ سرمایہ کاری پر منافع دینا شروع کرے گا | جولائی 2027 |
| V- وہ رقوم جو پروموٹرز، اسپانسرز، وابستہ کمپنی یا وابستہ ادارہ نقد اور غیر نقد سرمایہ کے درمیان تفریق کے ساتھ لگا چکے ہیں یا لگانے کا ارادہ رکھتے ہیں | ہیلیوس کو ڈائریکٹرز کی جانب سے 35 ملین روپے کا بلا سود قرض فراہم کیا گیا ہے۔ |
| زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کی رقم | کمپنی کے 50,000 حصص جن کی مالیت فی حصص 10 روپے ہے، منصفانہ قیمت پر فی حصص 2 روپے کے حساب سے کل روپے 100,000 (صرف ایک لاکھ روپے) کے عوض حاصل کیے جائیں گے۔ |
| مقصد، فوائد جو سرمایہ کار کمپنی اور اس کے حصص یافتگان کو اس سرمایہ کاری سے متوقع ہیں اور سرمایہ کاری کی مدت | کیلکارپ کے لیے اسٹریٹجک جواز اور فوائد:<br>**ایس ای زی (SEZ) میں برتری:** زمین الاٹ ہو چکی ہے اور ایک سال سے زائد کا تیاری (Gestation) دورانیہ مکمل ہو چکا ہے۔<br>**ٹیکس چھوٹ کا فائدہ:** دس سالہ انکم ٹیکس ہالی ڈے، پلانٹ اور مشینری کی درآمد پر ریلیف، اور ممکنہ طور پر گروپ ٹیکس ایفیشنسی۔<br>**مقام کا فائدہ:** کراچی/پورٹ قاسم کے قریب ہونے کی وجہ سے لاجسٹک اخراجات میں کمی، برآمدی سہولت اور سپلائرز تک آسان رسائی۔<br>**مارکیٹ کی صورتحال:** تقسیم شدہ سولر اور اسٹوریج کی بڑھتی ہوئی طلب؛ درآمدی متبادل (Import Substitution) کا مؤثر موقع۔<br>**کم لاگت پر شمولیت:** برائے نام قیمت پر حصص کا حصول، جبکہ مستقبل میں منصوبے کے نفاذ اور ایس ای زی کی حیثیت کے باعث نمایاں فائدہ متوقع ہے۔<br><br>ہیلیوس فوٹو وولٹائیک ماڈیولز، بیٹری سسٹمز اور انورٹرز/معاون پرزہ جات کی پیداوار اور اسمبلنگ شروع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ کمپنی پہلے ہی اسپیشل اکنامک زون اتھارٹی (SEZA) کو 35 ملین روپے بطور پہلی قسط ادا کر چکی ہے۔ مزید برآں، 30 جون 2025 تک منصوبے پر 1.7 روپے ملین سرمایہ جاتی کام جاری (Capital Work in Progress) کے تحت خرچ کیے جا چکے تھے۔ ہیلیوس کو دس سالہ ٹیکس فری اسٹیٹس حاصل ہے جو اس تاریخ سے شروع ہوگا جب ایس ای زی ڈویلپر کی جانب سے کمرشل آپریشنز کی سند جاری کی جائے گی۔<br><br>یہ توقع کی جاتی ہے کہ آئندہ برسوں میں ہیلیوس کی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا اور چونکہ کیلکارپ لمیٹڈ واحد حصص دار ہوگا، لہٰذا ہیلیوس کے منافع بخش آپریشنز سے براہِ راست فائدہ حاصل کرے گا۔ یہ معاملہ حصص کے حصول سے متعلق ہے اور فی الحال حصص کی فروخت کا کوئی منصوبہ موجود نہیں۔ |
| سرمایہ کاری کے لیے استعمال ہونے والے فنڈز کے ذرائع اور وہ صورت حال جہاں سرمایہ کاری قرضہ جاتی فنڈز کے ذریعے کی جانے کی تجویز ہو۔ | حصص کے حصول کے لیے درکار فنڈز کمپنی کے اندرونی ذرائع سے فراہم کیے جائیں گے اور اس مقصد کے لیے کوئی قرضہ نہیں لیا جائے گا۔ |
| (I) سرمایہ کاری کے لیے قرضہ جات کے استعمال کا جواز۔ | قابلِ اطلاق نہیں۔ |
| (II) اس مقصد کے لیے فراہم کردہ کولیٹرل، ضمانتوں اور گروی رکھے گئے اثاثہ جات کی تفصیل۔ | قابلِ اطلاق نہیں۔ |
| (III) لاگت وفائدہ تجزیہ | قابلِ اطلاق نہیں۔ |
| مجوزہ سرمایہ کاری کے سلسلے میں وابستہ کمپنی یا وابستہ ادارے کے ساتھ ہونے والے معاہدے (اگر کوئی ہوں) کی نمایاں خصوصیات۔ | کیلکارپ اور ہیلیوس کے مابین اس حوالے سے کوئی معاہدہ طے نہیں پایا۔ |
| ڈائریکٹرز، اسپانسرز، اکثریتی حصص یافتگان اور ان کے قریبی رشتہ داروں کا وابستہ کمپنی یا وابستہ ادارے یا زیر غور ٹرانزیکشن میں براہِ راست یا بالواسطہ مفاد (اگر کوئی ہو)۔ | ہیلیوس، کیلکارپ کی ایک وابستہ کمپنی ہے (مشترکہ ڈائریکٹرشپ: آصف علی اور عبدالمجید غازیانی)، علاوہ ازیں دیگر ڈائریکٹرز میں کاشف ممتاز اور محمد حنیف شیخ آصف علی کے سگے بھائی ہیں جبکہ محترمہ مریم شیخ آصف علی کی اہلیہ ہیں۔ |
| اگر وابستہ کمپنی یا وابستہ ادارے میں پہلے سے کوئی سرمایہ کاری کی جا چکی ہو تو اس سرمایہ کاری کے کارکردگی کے جائزے کی تفصیل، بشمول کسی بھی کمی یا لکھت (Impairment / Write-offs) کے لیے مکمل معلومات و جواز۔ | قابلِ اطلاق نہیں۔ |
| اراکین کو معاملے کی مکمل سمجھ بوجھ کے لیے کوئی بھی دیگر اہم تفصیلات۔ | مینجمنٹ، کمپنی کی پیداواری صلاحیت میں بھرپور وسعت (Aggressive Expansion) کا ارادہ رکھتی ہے اور پروڈکٹس پورٹ فولیو میں نئے آئٹمز شامل کرنے کا بھی منصوبہ رکھتی ہے۔ آپریشنز کے دوران اسکیل کی معیشت (Economies of Scale) اور پروڈکٹ ڈائیورسٹی کے فوائد حاصل ہونے کے نتیجے میں توقع ہے کہ آئندہ برسوں میں کمپنی کو خاطر خواہ خالص منافع حاصل ہوگا۔ |
| زیادہ سے زیادہ قیمت جس پر سیکیورٹیز حاصل کی جائیں گی؛ | فی حصص خریداری کی قیمت 2 روپے مقرر کی گئی ہے جبکہ ہر حصص کی مالیت 10 روپے ہے۔ خریداری کی قیمت UHY حسن نعیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جانب سے متعین کردہ منصفانہ مارکیٹ ویلیو کے برابر ہے۔ |
| اگر خریداری کی قیمت لسٹڈ سیکیورٹیز کی صورت میں مارکیٹ ویلیو یا ان لسٹڈ سیکیورٹیز کی صورت میں فیئر ویلیو سے زیادہ ہو تو اس کا جواز۔ | حصص کے حصول کے بعد ہیلیوس اور کیلکارپ کو انکم ٹیکس اسیسمنٹ کے مقاصد کے لیے ایک واحد مالیاتی یونٹ تصور کیا جا سکے گا، جس سے موجودہ قواعد کے تحت گروپ ریلیف میسر ہوگا۔ مزید برآں، ہیلیوس کی جانب سے کیلکارپ کو بطور واحد حصص دار ادا کیے جانے والے منافع (Dividends) گروپ ٹیکسیشن کے تناظر میں ود ہولڈنگ ٹیکس سے مستثنیٰ ہوں گے۔<br><br>اسٹریٹجک فوائد:<br>**SEZ میں برتری:** زمین الاٹ ہو چکی ہے اور ایک سال سے زائد کا تیاری (Gestation) دورانیہ مکمل ہو چکا ہے۔<br>**ٹیکس چھوٹ کا فائدہ:** دس سالہ انکم ٹیکس ہالی ڈے، پلانٹ اور مشینری کی درآمد پر ریلیف، اور ممکنہ طور پر گروپ ٹیکس ایفیشنسی۔<br>**مقام کا فائدہ:** کراچی/پورٹ قاسم کے قریب ہونے کے باعث لاجسٹکس اخراجات میں کمی، برآمد کے لیے سہولت اور سپلائرز تک آسان رسائی۔<br>**مارکیٹ کا رجحان:** تقسیم شدہ سولر اور اسٹوریج کی بڑھتی ہوئی طلب؛ درآمدی متبادل (ImportSubstitution) کا مؤثر موقع۔<br>**کم لاگت پر شمولیت:** برائے نام قیمت پر حصص کا حصول، جبکہ مستقبل میں منصوبے کے نفاذ اور ایس ای زی کی حیثیت کے باعث نمایاں فائدہ متوقع ہے۔ |
| زیادہ سے زیادہ سیکیورٹیز کی تعداد جو حاصل کی جائے گی۔ | ہیلیوس کے تمام ادا شدہ حصص (50,000) حاصل کیے جائیں گے۔ |
| حصص/سیکیورٹیز کی وہ تعداد اور فیصد جو مجوزہ سرمایہ کاری سے پہلے اور بعد میں ہوگی۔ | فی الحال کمپنی کے پاس کوئی حصص نہیں ہیں (0% شیئر ہولڈنگ) اور سرمایہ کاری کے بعد کمپنی کے پاس کل 50,000 حصص ہوں گے جو 100% شیئر ہولڈنگ کے مساوی ہوں گے۔ |
| ان لسٹڈ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے لیے ریگولیشن 5 کی ذیلی قاعدہ (1) کے تحت مقررہ فیئر ویلیو۔ | فی حصص خریداری کی قیمت 2 روپے ہوگی۔ |

## Calcorp Limited

# مختار نامہ (پراکسی فارم)

میں/ہم ____________________

ساکن ____________________

بحثیت رکن (ممبر) calcorp Limited مقرر کرتا / کرتی ہوں / کرتے ہیں مسمٰی /مسماۃ ____________________

ساکن ____________________

کو یا ان کی غیر حاضری میں مسمٰی / مسماۃ ____________________

ساکن ____________________

جو میری/ہماری جانب سے اور میری/ہماری جگہ کمپنی کے غیر معمولی عام اجلاس، جو 30 ستمبر 2025 کو منعقد ہوگا اور اس کے کسی ملتوی شدہ اجلاس میں، ووٹ دے سکے۔

مورخہ ____________ 2025 کو میرے/ ہمارے دستخط سے جاری ہوا۔

ریونیو اسٹامپ روپے 5

دستخط

| فولیونمبر | سی ڈی سی کھاتہ نمبر | حصص کی تعداد |
|---|---|---|
| | | |

**گواہ نمبر۱**

دستخط ____________________

نام ____________________

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ____________________

پتہ ____________________

**گواہ نمبر۲**

دستخط ____________________

نام ____________________

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ____________________

پتہ ____________________

**ہدایات:**

1. یہ پراکسی فارم مکمل طور پر پر کیا اور دستخط شدہ ہونا چاہیے اور اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہونا چاہیے۔

2. پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہیے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ نیشنل آئیڈینٹی کارڈ نمبر درج ہوں۔

3. نامزد کنندہ اور پراکسی ہولڈر کے کمپیوٹرائزڈ نیشنل آئیڈینٹی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہوں

4. پراکسی ہولڈر اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ نیشنل آئیڈینٹی کارڈ پیش کرے گا/گی۔

5 کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ وکالت نامہ بمع نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرایا جائے گا۔

# CALCORP LIMITED

## POSTAL BALLOT PAPER

**For poll at the Extraordinary General Meeting of Calcorp Limited to be held on September 30, at 11:00am at the Auditorium Pakistan Stock Exchange Limited. Karachi, Pakistan.**

Designated email address of the Chairman at which the duly filled in ballot paper may be sent, chairman.generalmeeting@calcorp.com.pk

| | |
|---|---|
| Name of Shareholder/Joint Shareholders | |
| Registered Address | |
| Folio No. / CDC Participant / Investor ID with sub-account No | |
| Number of shares held | |
| CNIC,NICOP/Passport No. (in case of foreigner) (Copy to be attached) | |
| Additional information and enclosures (In case of representative of body corporate, corporation and Federal Government.) | |
| Name of Authorized Signatory | |
| CNIC, NICOP/Passport No. (In case of foreigner) of Authorized Signatory - (Copy to be attached) | |

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the following resolutions through postal ballot by conveying my/our assent or dissent to the following resolution by placing tick ( ✔ ) mark in the appropriate box below;

**Special Resolutions**

**AGENDA ITEM # 1**

The following resolutions are proposed to be passed as Special Resolutions:

**"Resolved that** approval of the members of Calcorp Limited (the "Company") be and is hereby accorded in terms of Sections 199 and 208 and other applicable provisions of the Companies Act, 2017 and other applicable laws, and the Company be and is hereby authorized to acquire 50,000 shares of Helios Resol Technology (Pvt.) Limited for a total value of PKR 100,000 (Pak Rupees One Hundred Thousand Only)."

**"Further Resolved that** the Chief Executive Officer and/or Chief Financial Officer and/or Company Secretary of the Company be and are hereby singly empowered and authorized to do all acts, matters, deeds and things, take any or all necessary actions including signing and execution of agreement(s) and to complete all legal formalities as may be necessary or incidental expedient for the purpose of implementing the aforesaid resolution."

| Sr. No. | Nature and Description of resolutions | No. of ordinary shares for which votes cast | I/We assent to the Resolutions (FOR) | I/We dissent to the Resolutions (AGAINST) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Special resolution as per agenda No. 1 as given above & in the notice. | | | |

______________________

Signature of shareholder(s)

1. Duly filled postal ballot should be sent to the Chairman of the meeting at Calcorp Limited at Registered Address 48 C Street 11, Khayaban e Jami DHA Phase VII, Karachi. or through email at **chairman.generalmeeting@calcorp.com.pk.**
2. Copy of CNIC, NICOP/Passport No. (In case of foreigner) should be enclosed with the postal ballot form.
3. Postal ballot forms should reach chairman of the meeting till 5.00 p.m. September 29, 2025. Any postal ballot received after this date, will not be considered for voting.
4. Signature on postal ballot should match with signature on CNIC, NICOP/Passport (In case of foreigner).
5. .Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written ballot paper will be rejected.